مسافرینِ آخرت

اناللہ وانا الیہ راجعون

شیخ الحدیث مولانا نور محمد کا انتقال:

محدث العصر حضرت علامہ محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کے شاگرد رشید شیخ الحدیث مولانا نور محمد ۱۰ رمضان المبارک کوملہوالی ضلع اٹک میں انتقال کر گئے۔ مولانا مرحوم کو مجاہد احرار مولانا محمد گل شیر شہید دینی تعلیم وتدریس کے لئے ملہووالی لے آئے تھے۔ پھر وہ ہمیشہ کے لئے یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ تمام عمر دین کی تعلیم اور ترویج واشاعت میں بتادی۔ ان کے سینکڑوں شاگرد اسوقت تعلیم دین اور اشاعت اسلام میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی خدمات کو قبول فرمائے اور بلند درجات عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین

مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے کارکن محترم صوفی غلام شبیر صاحب کا کمسن بیٹا گزشتہ دنوں انتقال کر گیا۔

مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ مولانا عبدالرؤف ازہری گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ آپ ایک عرصہ سے اسلام آباد میں مجلس کے دفتر میں تعینات تھے اور ردمرزائیت میں ہمہ تن مصروف تھے۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم صوفی غلام حسین بھٹہ صاحب ۲۰ اپریل کو رحلت فرما گئے۔

ملتان ہی سے ہمارے کرم فرما محترم محمد اکبر صاحب (گھڑی ساز) کی والدہ ماجدہ ۲۰ اپریل کو انتقال فرما گئیں۔

ممتاز عالم دین حضرت مولانا عبدالقادر قاسمی چند ماہ پیشتر حسن ابدال میں رحلت فرما گئے۔ آپ دارالعلوم دیو بند کے فاضل اور شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے شاگرد تھے۔ تقسیم سے قبل لدھیانہ میں رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی کے ساتھ مل کر جہاد آزادی میں شریک ہوئے۔ اور پھر حسن ابدال میں حضرت مفتی عبدالحی اور حضرت مولانا قاضی شمس الدین رحمھم اللہ کی ہمرکابی میں مجلس احرار اسلام سے بھی وابستہ رہے۔ تمام عمر علم دین کی تعلیم میں مصروف رہے۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں اور پسماندگان سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے ایصال وثواب اور دعاؤں کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین)

دعاء صحت:

ابنِ امیرِ شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ

کے ماموں زاد سید محمد اطہر بخاری ان دنوں علیل ہیں۔ احباب سے درخواست ہے کہ ان کی صحت کے لئے خصوصی دعاء فرمائیں۔ (ادارہ)

مجلس احرار اسلام کی رکنیت سازی

مجلس احرار اسلام کی تمام ماتحت شاخوں کے عہدیداروں کو مطلع کیاجاتا ہے کہ مجلس کی رکنیت ومعاونت سازی مارچ سے شروع ہے جومئی ۱۹۹۴ء تک جاری رہے گی۔
زیادہ سے زیادہ احباب کو مجلس میں شمولیت کی دعوت دیں اور رکنیت سازی کی مہم کو تیز کردیں
جن شاخوں نے ابھی تک فارم رکنیت نہیں منگوائے وہ فوراً مرکز کو خط لکھ کر ضرورت کے مطابق فارم طلب فرمائیں۔
مئی کے آخر تک رکنیت سازی اور مقامی وضلعی انتخاب مکمل کر کے مع الحاق فیس مرکزی دفتر روانہ کریں۔
حسب ضرورت دستورِ جماعت طلب فرمائیں اور اسی کی روشنی میں تمام مراحل مکمل کریں۔
مرکزی انتخاب کی تاریخ کا تعین کر کے عنقریب تمام ماتحت شاخوں کو مطلع کردیا جائے گا۔

والسلام علیکم ورحمہ اللہ وبرکاتہ
سید عطاء المحسن بخاری
ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان
دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان : فون : ۵۱۱۹۶۱

دعاء صحت:

جانشین امیرِ شریعت حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری مدظلہ گزشتہ دو ماہ سے شدید علیل ہیں مارچ کے آخری عشرہ میں ملک محمد یوسف صاحب کے اصرار پر ان کے ہاں بغرض علاج لاہور تشریف لے گئے ابتداء میں افاقہ ہوگیا مگر پھر طبیعت بگڑ گئی اور آپ ملتان واپس تشریف لے آئے۔ علاج جاری ہے اور قدرے افاقہ بھی ہوا ہے۔ احباب ومخلصین سے درخواست ہے کہ وہ حضرت کی صحت یابی کے لئے خاص طور پر دعاء فرمائیں۔
ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کی اہلیہ محترمہ ایک عرصہ سے مفلوج ہیں۔ احباب ان کی صحت کے لئے بھی خصوصی دعاء فرمائیں۔ (ادارہ)